Department of Health & Mental Hygiene | Department of Education

10 مئی 2020

عزیزی والدین / سرپرست،

آپ کا اپنے بچے (بچوں) کا شہر کے علاقائی تعلیمی تقویتی مراکز (REC) میں سے ایک میں اندراج کرانے کا شکریہ۔ صحت اور حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے، اور نیویارک شہر محکمہ برائے صحت اور ذہنی حفظان صحت (محکمئہ صحت) اور محکمئہ تعلیم (DOE) باہم اشتراک سے اس شہر کے طلبا، اہل خانہ، اور عملے کے اراکین کو نوول کورونا وائرس سے متعلق بدلتے ہوئے حالات میں محفوظ، صحتمند اور آگاہ رکھنے کے کام کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

نیویارک شہر محکمئہ صحت آج کل بچوں کے کثیر النظام سوزش سنڈروم یا PMIS کے مریضوں پر تحقیق کر رہا ہے جو نیویارک شہر اور دوسری جگہوں کے بچوں میں نظر آ رہے ہیں۔ اس کے علاوہ نیویارک محکمئہ صحت بچوں میں PMIS اور COVID -19 کے درمیان امکانی ربط پر بھی کام کر رہا ہے۔ چند ڈاکٹروں کا خیال ہے کہ صورتِ حال COVID - 19 ہونے سے متعلقہ ہے مگر ابھی تک ربط واضح نہیں ہو سکا ہے۔

PMIS ایک غیر معمولی بیماری ہے جو متعّدی نہیں ہے۔ مگر کیونکہ اس سے جان کا خطرہ ہے، اس کی علامات کا جاننا ضروری ہے۔ اکثر بچوں کو دوسری علامتوں کے علاوہ کئی دنوں سے مستقل اونچے درجے کا بخار رہتا ہے بشمول ان دیگر علامات کے:

- چڑچڑاہٹ اور سسستی
- بغیر کسی وجہ کے پیٹ میں درد
- دست
- قے
- دانے
- آشوب چشم، یا لال یا گلابی آنکھ
- گردن کی ایک جانب گٹھلی (غدود) کا بڑھ جانا
- لال، پھٹے ہوئے ہونٹ یا لال زبان جیسے اسٹرابیری
- ہاتھ پاؤں کا سوجھ جانا، جو سرخ بھی ہو سکتے ہیں

اگر آپ کا بچہ بیمار ہے اور اسے مستقل بخار ہے تو آپ کو اپنے ڈاکٹر کو کال کرنا چاہیے۔ آپ کا ڈاکٹر آپ سے آپ کے بچے کی علامات کے بارے میں پوچھے گا اور ان معلومات کے ذریعے اگلے اقدامات کے بارے میں تجویز کرے گا۔ اگر آپ کا بچہ شدید بیمار ہے، آپ کوفوراً قریبی ایمرجینسی روم جانا چاہیے یا 911 پر کال کرنا چاہیے۔

حالانکہ ہمیں ابھی تک معلوم نہیں ہے کہ PMIS اور19 - COVID میں کوئی ربط ہے، ہم آپ کے بچے کو REC میں شرکت کے دوران 19 - COVID سے محفوظ رکھنے کے لیے مسلسل تمام احتیاطی تدابیر اختیار کر رہے ہیں۔ آپ کا REC آپکو چہرے کے ماسک فراہم کرے گا، جسے شرکت کرنے والے تمام افراد کو، بشمول بچوں کے پہننا لازمی ہے۔ طلبا اور عملہ ہاتھوں کی اچھی حفظانِ صحت کی مشق جاری رکھیں گے اور جسمانی فاصلہ رکھیں گے۔ عملہ سب کو یہ عادات سیکھانے اور عمل درآمد کرنے میں مدد کرے گا۔

دائمی طبی حالات کے بچوں کو 19 - COVID کے خراب نتائج کا زیادہ اندیشہ ہے اور حفاظتی اقدامات اختیار کرنے کے لیے خاص نگہداشت کی ضرورت ہے۔

ہماری برادریوں میں صحت اور حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے اور ہم تمام راہنمائی کی پیروی گے اور اپنے طلباء، اہل خانہ اور عملے کے اراکین کو محفوظ رکھنے کے لیے تمام موزوں اقدامات اٹھائیں گے۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو REC کے مقامی نگران سے بلا جھجھک رابطہ کریں۔

بخلوص،

Richard Carranza
چانسلر
محکمئہ تعلیم

Oxiris Barbot, MD
کمشنر
محکمہ برائے صحت اور ذہنی حفظانِ

نیویارک شہر محکمئہ صحت بدلتے ہوئے حالات کے مطابق تجاویز میں ترمیم کر سکتا ہے۔
5.10:2020